# 28-07-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔ پہلگام میں دہشت گرد حملہ کے جواب میں بھارت کے مضبوط، کامیاب اور فیصلہ کن آپریشن سندور پر آج لوک سبھا میں مباحث شروع ہوئے۔

۲۔ سپریم کورٹ نے الہ آباد ہائی کورٹ کے جسٹس یشونت ورما کی عرضی پر آج سماعت شروع کی۔

۳۔ پنچایت راج وزیر ڈاکٹر دانا سری انا سویا سیتا اکا نے پچھلی حکومت پر الزام لگایا ہے کہ اس نے قبائلی طبقات کی بہبود کیلئے مختص فنڈس کو دیگر کاموں پر صرف کیا۔

اور

۴۔ ریاستی حکومت کی جانب سے آج سابق اور مرکزی وزیر جئے پال ریڈی کی چھٹویں برسی منائی گئی۔

## JAIPAL REDDY

ریاستی حکومت کی جانب سے آج سابق اور مرکزی وزیر جئے پال ریڈی کی چھٹویں برسی منائی گئی۔ حیدرآباد میں نکلس روڈ پر پی وی نرسمہا راؤ مارک کے قریب اسپورتی استھل پر خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔ قانون ساز کونسل کے صدر نشین جی سکھیند رریڈی، اسمبلی کے اسپیکر گڈم پرساد کمار، کابینی وزرا، سابق گورنر بنڈارو دتاتریہ اور بی سی کمیشن کے چیرمین نرنجن نے جئے پال ریڈی کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے جئے پال ریڈی کو تلنگانہ کا عظیم سپوت قرار دیا اور کہا کہ ان کا ورثہ ہمیشہ باقی رہے گا۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے اپنے ایک پیام میں سابق مرکزی وزیر کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے ریاستی اور قومی سیاست میں ان کی خدمات کو یاد کیا۔ چیف منسٹر نے کہا کہ جئے پال ریڈی عوامی خدمت کیلئے اپنی وابستگی اور بہترین تقریری صلاحیتوں کیلئے جانے جاتے تھے۔

## SEETHAKKA

پنچایت راج اور خواتین اور بچوں کی بہبود کی وزیر ڈاکٹر دانا سری انا سویا سیتا اکا نے پچھلی حکومت پر الزام لگایا ہے کہ اس نے قبائلی طبقات کی بہبود کیلئے مختص فنڈس کو دیگر کاموں پر صرف کیا۔ انہوں نے عہدیداروں کو انتباہ دیا

کہ وہ ماضی کی غلطیوں کو نہ دہرائیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت قبائلیوں کے لئے ہاؤزنگ اسکیموں کی خاطر بجٹ میں اضافہ کا منصوبہ رکھتی ہے۔ قبائلی بہبود اڈوائزری کونسل کا ساتواں اجلاس آج حیدرآباد کے مانصاحب ٹینک میں واقع دامودھر سنجیویا ویلفیر بھون میں منعقد ہوا۔ اس اجلاس میں قبائلی بہبود کے وزیر اے لکشمن کمار اور سیتا اکا نے شرکت کی۔ اس موقع پر سیتا اکا نے عہدیداروں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ فنڈس کو دیگر کاموں کے لئے استعمال کرنے سے قبائلی علاقوں میں سڑکوں اور پلوں جیسی بنیادی سہولتوں کو نظرانداز کیا گیا۔ قبائلی بہبود کے وزیر لکشمن کمار نے تیقن دیا کہ تمام تجاویز چیف منسٹر کو پیش کی جائیں گی۔ انہوں نے ترقیاتی کاموں کیلئے زیرالتوا بلوں کو مقررہ وقت پر ادا کرنے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ماضی میں جو تاخیر اور بے قاعدگیاں ہوئیں ان کا اعادہ نہیں ہوگا۔

## WEATHER

دفتر موسمیات نے کہا ہے کہ آئندہ سات دن کے دوران تلنگانہ میں اکا دوکا مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش یا گرج چمک کے ساتھ بوندہ باندی کا امکان ہے۔ دفتر موسمیات نے اپنی رپورٹ میں بتایا کہ آئندہ پانچ دن کے دوران تلنگانہ کے تمام اضلاع میں اکا دوکا مقامات پر تیز ہوائیں چل سکتی ہیں۔ دفتر موسمیات نے بتایا کہ ریاست میں جنوب مغربی مانسون کمزور ہے۔

## VENKAIAH NAIDU

سابق نائب صدر جمہوریہ وینکیا نائیڈو نے آج ترو ملا مندر میں پوجا کی۔ مندر کے باب الداخلہ پر ٹی ٹی ڈی کے عہدیداروں نے ان کا استقبال کیا۔ بعد میں میڈیا نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عقیدتمندوں کے نذرانوں کو صرف مذہبی اور روحانی مقاصد کیلئے استعمال کیا جانا چاہیئے۔ ان میں یاتریوں کیلئے سہولتوں کو بہتر بنانا بھی شامل ہے۔ انہوں نے تجویز پیش کی کہ ہر گاؤں میں ایک اسکول ایک مندر ہوتا کہ حکومت تعلیم پر توجہ دے سکے اور ٹی ٹی ڈی جیسے مذہبی ادارے روحانیت پر زور دے سکیں۔ وینکیا نائیڈو نے اہم شخصیتوں پر زور دیا کہ وہ سال میں صرف ایک بار مندر کا دورہ کریں تا کہ عام یاتریوں کو مندر جانے کی سہولت حاصل ہو۔

HARISH RAO

سابق وزیر اور بی آر ایس کے سینئر ایم ایل اے ہریش راؤ نے سنگا ریڈی ضلع کے سیگا چی انڈسٹریز میں ایک مہینہ قبل پیش آئے حادثہ سے نمٹنے میں کانگریس حکومت کے غیر انسانی طریقہ کار کی مذمت کی ہے۔اس حادثہ میں 54افراد ہلاک ہو گئے تھے۔ ہریش راؤ نے مطالبہ کیا کہ مہلوکین کے خاندانوں کو فوری معاوضہ ادا کیا جائے۔انہوں نے حکومت کو انتباہ دیتے ہوئے کہا کہ بی آر ایس متاثرین کے معاوضہ کا معاملہ اٹھاتی رہے گی اور اس وقت تک جدو جہد کرے گی جب تک کہ ان کے ساتھ انصاف نہیں ہوتا۔انہوں نے کہا کہ چیف منسٹر نے ہر مہلوک کے ورثا کیلئے ایک کروڑ روپے زخمیوں کیلئے فی کس 10 لاکھ روپے کا اعلان کیا تھا لیکن آج تک انہیں یہ امداد حاصل نہیں ہوئی۔

LS - SINDOOR

پہلگام میں دہشت گرد حملہ کے جواب میں بھارت کے مضبوط، کامیاب اور فیصلہ کن آپریشن سندور پر آج لوک سبھا میں مباحث شروع ہوئے۔ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے بحث کا آغاز کرتے ہوئے کہا کہ آپریشن سندور صرف ایک فوجی کارروائی نہیں بلکہ بھارت کے اقتدار اعلیٰ، اس کی شناخت اور شہریوں کے تئیں حکومت کی ذمہ داری اور دہشت گردی کے خلاف اس کی پالیسی کا موثر اور فیصلہ کن مظاہرہ تھا۔راج ناگھ سنگھ نے کہا کہ آپریشن سندور ملک کی مسلح افواج کی جانب سے مربوط انداز میں کی گئی ایک کارروائی تھا جس کے ذریعہ دہشت گردوں کے 9اڈوں کو نشانہ بنایا گیا۔انہوں نے کہا کہ اِن حملوں میں ایک سو سے زیادہ دہشت گرد، ان کو تربیت دینے والے اور ان سے کام لینے ہلاک ہوئے۔انہوں نے کہا کہ بیشتر دہشت گردوں کا تعلق جیش محمد، لشکر طیبہ اور حزب المجاہدین سے تھا۔

SOUND BYTE - R.SINGH

RS:

اس دوران مختلف مسائل پر اپوزیشن کے شور وغل کی وجہ سے راجیہ سبھا کی کارروائی آج دن بھر کیلئے ملتوی کر دی گئی۔ دو مرتبہ کارروائی کے التوا کے بعد جب دو بجے ایوان دوبارہ شروع ہوا تو پریسائیڈنگ آفیسر بھوبنیشور کلیتا

نے ایک بل کو پیش کئے جانے اور اسے منظور کرنے کا عمل شروع کیا۔ تاہم اپوزیشن نے اپنا احتجاج جاری رکھا۔ اسی شور وغل کے بیچ ایوان کو دن بھر کیلئے ملتوی کر دیا گیا۔

CHESS:

دیویا دیشمکھ نے آج شطرنج کا فائیڈ ویمنس ورلڈ کپ 2025ء جیت لیا۔ اس کے ساتھ ہی وہ گرانڈ ماسٹر کا خطاب حاصل کرنے والی چوتھی ہندوستانی خاتون بن گئی ہیں۔ جارجیا کے بتومی میں ورلڈ کپ کے فائنل میں دیویا نے اپنی ہم وطن کونیرو ہمپی کو شکست دی۔

CYBERABAD

سائبر آباد پولیس نے اپنی کارکردگی میں شفافیت لانے اور شہریوں کو خدمات کی فراہمی کے عمل کو مستحکم کرنے کیلئے نیا سرکاری ویب سائٹ شروع کیا ہے۔ اس ویب سائٹ کو اس انداز میں ڈیزائن کیا گیا ہے کہ کسی بھی عمر کے شہری آسانی کے ساتھ اس کو استعمال کر سکتے ہیں۔ ویب سائٹ کے ذریعہ عوام کو اہم اطلاعات بروقت فراہم کی جائیں گی۔ سائبر آباد کے پولیس کمشنر اویناش موہنتی نے بتایا کہ اس ویب سائٹ کے ذریعہ سائبر آباد کے شہریوں کو ضروری خدمات اور معلومات فراہم کی جائیں گی۔ اس ویب سائٹ پر شہریوں کی رائے سے متعلق کیو آر اسکیانر بھی فراہم کیا گیا ہے۔ پولیس عہدیداروں کی کارکردگی کے بارے میں شہری اپنی رائے دے سکتے ہیں۔

SC JUSTICE VERMA

سپریم کورٹ نے الہ آباد ہائی کورٹ کے جسٹس یشونت ورما کی عرضی پر آج سماعت شروع کی۔ جسٹس ورما نے اپنی اس عرضی میں ان کے خلاف عدالتی تحقیقات کی رپورٹ کو چیالنج کیا ہیے۔ دہلی میں جسٹس ورما کے مکان سے آدھے جلے ہوئے کرنسی نوٹ برآمد کئے گئے تھے۔ تحقیقات کے بعد انہیں قصوروار پایا گیا۔ سپریم کورٹ نے ابتدائی سماعت کے بعد اس مقدمہ کو ملتوی کر دیا۔ اس کی سماعت چہارشنبہ کو دوبارہ شروع ہوگی۔ جسٹس دیپانکر دتا اور اے جی مسیح پر مشتمل بنچ نے جج کے طرزِ عمل پر کئی سوالات اٹھائے۔ جسٹس ورما نے انہیں برطرف کرنے کیلئے اس وقت کے چیف جسٹس سنجیو کھنہ کی سفارش کو بھی چیالنج کیا ہے۔

SBI

ریاست میں مالیاتی اسکیموں کے بارے میں 30 فیصد سے زائد گرام پنچایتوں میں ایک مہم چلائی جارہی ہے۔ ایس بی آئی کے چیف جنرل منیجر رادھا کرشنن نے آج حیدرآباد میں پی آئی بی کی اے ڈی جی شروتی پاٹل کے ساتھ مل کرایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ مہم ستمبر کے اواخر تک جاری رہے گی۔

Sound Byte.

Mohammed Ali Shabeer

ریاستی حکومت کے مشیر محمد علی شبیر نے نظام آباد اربن حلقہ میں مستحق خاندانوں میں نئے راشن کارڈس تقسیم کئے۔ اِس موقع پرانہوں نے کہا کہ 13 سال کے بعد موجودہ حکومت مستحقین کوراشن کارڈس فراہم کررہی ہے۔

Sound Byte

○○